# سوال

(874)اپنے گھر میں بکرا ذبح کر رہا ہوں     الخ

## جواب

*السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ*

خواب میں دیکھ رہا ہوں کہ اپنے گھر میں بکرا ذبح کر رہا ہوں ۔ پھر جب مسجد میں نماز پڑھنے جاتا ہوں تو وہاں بھی بہت زیادہ بکرے ہیں اور اُن میں ایک بہت خوبصورت بکرا ہے ۔ میں ایک لڑکے سے پوچھ رہا ہوں کہ یہ کسی نے صدقہ دیا ہے ۔ وہ لڑکا اس خوبصورت بکرے کو ذبح کرنے لگتا ہے تو میں اُسے روکتا ہوں کہ میں ذبح کرتا ہوں جب میں بسم اللہ اللہ اکبر کہہ کر چھری پھیر دیتا ہوں اور کھال بھی اُتارتا ہوں تو میری آنکھ کھل جاتی ہے ، آپ مہربانی فرما کر اس خواب کی تعبیر بتا دیں ۔ ( عبدالحمید چنے والے ، نکا چوک ، گوجرانوالہ )

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

*وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ*

*الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!*

اشارہ ہے کہ آپ یا آپ کی اولاد سے کوئی دین کی خاطر کوئی مالی یا جانی قربانی دے چکے ہیں یا آیندہ مستقبل میں اللہ تعالیٰ اس کی توفیق عطا فرمائیں گے ان شاء اللہ سبحانہ وتعالیٰ ۔ ۱۲ ، ۱ ، ۱۴۲۴ھ

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

**جلد02ص818**

محدث فتویٰ